# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 1 | سبق کا نام: تعارف | |

**مقاصد:** نئی جماعت میں اپنا تعارف کروا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب۔ مختلف رنگوں کے چارٹ پیپر، مارکرز، ٹیپ

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں داخل ہوتے ہی السلام علیکم کہیں اور بچوں کی خیریت دریافت کریں۔
- انھیں جماعت میں خوش آمدید کہیں۔
- بچوں کو اپنا تعارف کروائیں۔
- انھیں بتائیں کہ اس جماعت میں وہ اردو کے نہ صرف دل چسپ سبق پڑھیں گے بلکہ ان میں دی گئی معلومات بھی جانیں گے اور زبان کی مہارتوں سے بھی آشنا ہوں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو چارٹ پیپر سے بنے کارڈ اور بلیک مارکر مہیا کریں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ کارڈ پر اپنا نام لکھیں۔
- اس کے بعد انھیں اپنے اپنے کارڈ میز پر رکھی ٹوکری میں ڈالنے کے لیے کہیں۔
- اس کے بعد کوئی ایک کارڈ نکالیں اس پر درج نام کو بلند آواز سے پکاریں۔
- جس بچے کا نام پکارا جائے وہ جماعت کے سامنے آئے اور اپنا تعارف کروائے۔

جیسے میرا نام __________ ہے۔

میرا پسندیدہ مضمون __________ ہے۔

__________ میرا مشغلہ ہے۔

میں بڑا/بڑی ہو کر __________ بننا چاہوں گا/گی۔

- اس سرگرمی کے بعد متفرق بچوں سے ان کے ساتھ بیٹھے ساتھی کا نام اور اس کے بارے میں پوچھیں۔
- اس سرگرمی سے بچوں کی ایک دوسرے کے ناموں سے شناسائی ہو سکے گی اور تمام بچے ایک دوسرے کو جان لیں گے۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور دونوں گروہوں کو مختلف رنگوں کے چارٹ پیپر اور مارکر دیں۔
- ایک گروہ سے کہیں کہ وہ مل کر چارٹ پیپر پر کمرا جماعت کے ایسے اصول خوش خط لکھیں جن پر وہ سارا سال عمل کریں گے۔
- دوسرے گروہ سے کہیں کہ وہ باہمی مشاورت سے ایسی باتیں لکھیں جو وہ کمرا جماعت میں بالکل نہیں کریں گے۔

| |
|---|
| • اس دوران ان کی رہ نمائی کریں اور جہاں انھیں مدد کی ضرورت ہو ان کی مدد کریں۔<br>• سرگرمی کے اختتام پر دونوں گروہوں کے چارٹ پیپرز کو بورڈ پر چسپاں کریں اور بچوں کی ان اصولوں اور باتوں کی خواندگی کروائیں۔<br>• اور اس بات کا عہد کریں کہ وہ ان پر عمل پیرا ہوں گے |
| **اعادہ:** (5 منٹ) پیریڈ کے آخر میں بچوں کو بتائیں کہ آج ہم نے ایک دوسرے کو جانا۔ مجھے اُمید ہے کہ ہم پورا سال اسی طرح ایک دوسرے کی عزت اور مدد کریں گے۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بچوں سے پوچھیں کہ انھیں پہلا دن کیسا لگا؟<br>یہ جماعت پچھلی جماعت سے کس طرح مختلف ہے؟ اور کس حد تک انھیں پسند آئی؟ |
| **گھر کا کام:** N/A |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد**: نظم کو درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، تصویری فلیش کارڈز

## تحریکی سر گرمی: (10منٹ)

- جماعت میں داخل ہوتے ہی بچوں کو اسلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- نظم میں موجود چیزوں کے تصویری فلیش کارڈز بورڈ پر چسپاں کریں۔
- بچوں کی جوڑیاں بنادیں۔ان سے کہیں کہ تصاویر کو غور سے دیکھیں اور آپس میں ایک دوسرے کو بتائیں کہ تصاویر میں موجود چیزیں کیسے اللہ تعالی کی بہت بڑی نعمت ہیں؟اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر جوڑی سے کہیں کہ جماعت کے سامنے آکر ان تصاویر کے بارے میں دو، دو جملے بول کر بتائیں کہ اگر ہمارے پاس اللہ تعالی کی یہ نعمتیں نہ ہوں تو کیا ہو؟
- بہترین جملے بولنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں سے پوچھیں جس نظم میں اللہ تعالی کی تعریف کی جائے اسے کیا کہتے ہیں۔
- ان سے جوابات لیں اور انھیں بتائیں جس نظم میں اللہ تعالی کی صفات، قدرتیں اور تعریف بیان کی جائے اسے حمد کہتے ہیں۔
- سبق کے آغاز میں ایک سر گرمی کریں۔کسی ڈبے پر ایک کاغذ لپیٹ کر اسے تیار کریں۔
- اس میں ''تلفظ سیکھیں'' کے تحت دیے گئے الفاظ کی پرچیاں بنا کر ڈالیں۔
- جہاں ضروری ہو اعراب کا خیال رکھیں۔
- بچوں کے گروہ بنائیں۔اب باری باری ڈبے کو بچوں کے آگے کریں اور ان سے کہیں ایک ایک پرچی اٹھالیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھولیں اور ان پر لکھے الفاظ درست تلفظ سے پڑھیں۔جو بچہ درست تلفظ سے الفاظ پڑھے گا اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اب بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 3 پر نظم حمد کی بلند خوانی کروائیں۔
- نمونے کے طور پر پہلے دو اشعار خود پڑھیں۔
- ہر مصرع درست تلفظ اور ترنم سے پڑھیں۔
- ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی بتاتے جائیں۔
- بچوں کو بتائیں دنیا کی ہر چیز اللہ تعالی نے ہی پیدا کی ہے جن میں دن، رات، سورج، آگ، ہوا، پانی اور مٹی شامل ہیں۔
- انھیں بتائیں اللہ تعالی دلوں میں چھپے بھیدوں سے بھی واقف ہے۔

- بچوں سے پوچھیں اللہ تعالیٰ کے کتنے صفاتی نام ہیں؟
- بورڈ پر چند نام: خالق، رازق، مالک، غفار اور قہار لکھیں نیز ان کے معانی بھی بتائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائی گئی نظم 'حمد' سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں۔ درست جواب کی صورت میں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) 'حمد' کی پڑھائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد**: مشکل الفاظ کے معانی سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر/چاک، بورڈ مارکر/چاک، کتاب "اردو پنجم"، شیٹیں جن میں سے ہر ایک پر نظم کا ایک ایک مصرع لکھا ہو اور اس کے نیچے دو مصرعے لکھے ہوں جن میں سے ایک مصرع درست اور ایک غلط ہو، مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ سبق کا جائزہ لینے کے لیے بچوں کے چار گروہ بنادیں۔
- اور ہر گروہ کو ایک ایک شیٹ دیں جس پر نظم کا ایک ایک مصرع لکھا ہو اور اس کے نیچے دو مصرعے لکھے ہوں جن میں سے ایک مصرع متعلقہ اور ایک غیر متعلقہ ہو۔ بچوں سے کہیں کہ وہ دیا گیا مصرع پڑھیں اور اسکے آگے دی گئی جگہ میں اس سے متعلقہ درست مصرع لکھ کر شعر مکمل کریں اور اس کا مفہوم ایک دوسرے کو بتائیں۔
- اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے کسی ایک بچے کو شیٹ سمیت بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ اپنی شیٹ بورڈ پر چسپاں کر کے اس پر لکھا ہو شعر درست تلفظ کے ساتھ پڑھے اور اس کا مفہوم بتائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ یہ سرگرمی درست طور پر کرے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات کو سمجھ پاتے ہیں۔
- انھیں بتائیں اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔ اس کے علاوہ ہم الفاظ کا جملوں میں استعمال بھی کریں گے۔
- جماعت کے بچوں کے چھے گروہ بنادیں۔ کاغذ یا چارٹ کی مدد سے کہنی تک مبنی بارہ ہاتھ بنائیں، جن پر الفاظ اور جملے لکھنے کی جگہ ہو۔ چارٹ کی مدد سے چھے پرچیاں بنائیں جن پر نئے الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھے ہوں۔
- ایک پرچی پر ایک لفظ لکھا ہو۔ دو ہاتھوں کو اس پرچی کی مدد سے آپس میں گوند کی مدد سے جوڑ دیں۔ کلائیوں پر، معانی اور جملے لکھنے کی جگہ ہو۔
- ایک ٹوکری میں یہ سب رکھ دیں اور ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بلائیں اور اسے ٹوکری میں سے کوئی سا بھی ہاتھ اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ گول چھلے پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، پھر دائیں جانب بنے ہوئے ہاتھ پر اس کا معنی اور بائیں جانب بنے ہوئے ہاتھ پر اس پر مبنی کوئی جملہ لکھیں۔

| |
|---|
| • اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔اس دوران میں بورڈ پر تین کالم بنا کر ایک میں الفاظ، دوسرے میں معانی اور تیسرے میں جملے کی سرخی لکھ دیں۔الفاظ والے کالم میں خاص الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد کوئی لفظ بولیں، جس گروہ کے پاس وہ لفظ آیا ہوگا اس کا کوئی بچہ آ کر بورڈ پر اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھے گا اور جملے والے کالم میں اس پر مبنی کوئی جملہ لکھے گا۔<br>• درست معانی اور درست جملہ لکھنے کے دو نمبر ہوں گے۔<br>• اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 4 پر دیے ہوئے الفاظ لکھ دیں۔مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے الفاظ کے معانی اور ان پر مبنی جملے لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرانا ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 4 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/ چاک، کلر ز اُردو جماعت پنجم کی کتاب۔ گتے کا ڈبا۔ سوالات اور جوابات کے کارڈز۔ سوالات کی پرچیاں

## تحریکی سر گرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- نظم سے متعلق کوئی سے تین سوالات اور ان کے جوابات پرچیوں پر لکھ لیں اور انھیں بچوں میں تقسیم کر دیں۔
- تختہ تحریر پر دو کالم بنا کر ایک پر سوال اور دوسرے پر جواب کی سرخی لکھ دیں۔
- استاد بچوں سے کہیں کہ وہ تمام بچے اپنے ہاتھ بلند کریں، جن کے پاس سوالات والی پرچیاں ہیں۔ اب سوالات پر مبنی پرچیوں والے بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری اپنا سوال سنائیں اور سوالات والے کالم کے پاس کھڑے ہوتے جائیں۔
- جب تمام سوالات والے بچے اپنی متعلقہ جگہ پر پہنچ جائیں تو استاد باری باری ان سے اپنے اپنے سوال کو پڑھنے کے لیے کہیں۔ تمام بچے غور سے سوال سنیں اور پھر جس بچے کو اس کا درست جواب معلوم ہو، وہ اپنا ہاتھ کھڑا کر کے جواب بتائے اور اس بچے کے پاس جا کر کھڑا ہو جائے۔
- اسی طرح تمام سوالات کے جوابات حاصل کریں۔ سر گرمی کے اختتام پر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج "حمد" سے متعلق سوالات کے جوابات لکھنے کی سر گرمی کریں گے۔ بچوں کو ایک بار سبق کا خاموش مطالعہ کرنے کی ہدایت دیں۔
- اب بچوں کے تین گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔
- انھیں Mystery bags دیں، جن میں پانچ غبارے ہوں جن پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پہلے پانچ سوالات لکھے ہوں، ساتھ پانچ چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں جن میں جملے لکھنے کی جگہ ہو اور ساتھ تین دھاگے ڈال کر دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ Mystery bag کھولیں، اس میں سے غبارہ نکال کر اس میں ہوا بھر کر اس کے منہ پر دھاگا باندھیں، پھر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس کا جواب سوچ کر دی گئی مچھلی پر لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔ جس گروہ کا غبارہ پھٹ جائے گا، وہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے گا۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو مچھلی سمیت بلائیں۔ اس سے کہیں کہ وہ بچوں کو بتائے کہ اس کے گروہ کے پاس کون سا سوال آیا تھا، پھر مچھلی بورڈ پر چسپاں کر کے اپنے گروہ کا لکھا ہوا اس سوال کا جواب پڑھ کر بتائے۔
- درست جواب دینے پر اس گروہ کو پانچ نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب کی صورت میں وہ گروہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے گا۔

| |
|---|
| • اس طرح یہ سرگرمی دوسرے گروہ کے لیڈر سے بھی کروائیں۔ جو گروہ یہ کام بہتر طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔<br>• اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر اپنی کاپیوں میں لکھیں۔ اس دوران میں ان کی نگرانی کریں اور جہاں انھیں مشکل پیش آئے، ان کی مدد کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) سوالات کے جوابات دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** مصرعے مکمل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کلرڈ اُردو جماعت پنجم کی کتاب۔ شیٹیں، مصروں پر مشتمل کاغذ کی پرچیاں، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ سبق کی دہرائی کے لیے ایک دل چسپ سرگرمی کروائیں۔
- اس مقصد کے لیے ایک چوکور کوڈ بالیں اور اس کے اطراف رنگ برنگا کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کے چاروں اطراف کاغذ کی جیبیں بھی بنائیں اور ان میں حمد کے سوالات کی پرچیاں بنا کر رکھیں۔
- اب ایک بچے کو بلا کر اسے آنکھیں بند کر کے ڈبا گھمانے کو کہیں۔
- گھمانے کے بعد جو جیب اوپر کی جانب آئے اس جیب سے سوال والی پرچی نکال کر سوال پڑھیں اور اس کا جواب دیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو بتانے کا موقع دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج نظم "حمد" سے متعلق مصرعے مکمل کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کو ایک بار نظم 'حمد' کا خاموش مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- سوال نمبر 2 میں دیے گئے الفاظ کے حروف کی پرچیاں بنائیں اور جملوں کی بھی پرچیاں بنا لیں۔
- پانچ تھیلیاں لیں اور ہر تھیلی میں ایک مصرع اور اس سے متعلقہ لفظ کے حروف کی پرچیاں رکھ دیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنائیں اور ہر گروہ کو ایک ایک تھیلی دے دیں۔
- انھیں ہدایت کریں کہ تھیلی میں موجود مصرع پڑھیں اور حروف کی پرچیوں کو جوڑ کر لفظ بنائیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ایک بچے کو بلائیں اسے تفویض کردہ مصرع بورڈ پر سے تلاش کر کے مکمل کرنے کو کہیں۔
- درست سرگرمی کرنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ کتاب کھول کر سوال 2 تختہ تحریر سے دیکھ کر حل کریں۔ اس دوران بچوں کے کام کا جائزہ لیں اور جہاں ضروری ہو ان کی رہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) ایک ٹوکری میں جماعت کے مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں ڈالیں اور چار متفرق بچوں کے نام نکال کر ان سے مصرعوں کو مکمل کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

اللہ تعالیٰ کی تعریف و توصیف پر گفت گو کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب۔ گھنٹی، گیند، مختلف رنگوں کے بٹن، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- بعد ازاں انھیں حمد سے متعلقہ چند جملے سوچنے کے لیے کہیں اور بات چیت کریں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں جو نعمتیں عطا کی ہیں ان کے کیا کیا فائدے ہیں؟
- اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- ہر گروہ سے بچوں کو بلائیں اور ان سے فرداً فرداً اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور ان کے فوائد کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں سے بات چیت کریں کہ اگر اللہ تعالیٰ کی یہ نعمتیں نہ ہوتی تو کیا ہو؟
- بچوں سے جوابات لیں اور ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں سے حمد کے ان کے پسندیدہ اشعار سنیں اور پسندیدگی کی وجہ بھی پوچھیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- سوال نمبر 3 کے تحت دیے گئے مصرعوں کی پرچیاں اس طرح بنالیں کہ ایک طرف کالم الف میں دیا ہوا کوئی مصرع لکھیں۔
- اب بچوں سے خاموشی سے حمد کا مطالعہ کروائیں۔
- اب بچوں کو پرچیاں دیں اور ہدایت دیں کہ لکھا ہوا مصرع پڑھیں اور مصرع مکمل کریں۔
- اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ایک مصرع پڑھیں متعلقہ مصرعے والا بچہ بورڈ پر آئے اور مصرع کا مفہوم جماعت کے سامنے سنائے۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے دوسرے مصرعوں پر کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو ہدایت دیں کہ کتاب پر کالم الف کو متعلقہ کالم ب سے ملا کر اشعار مکمل کریں۔
- اس دوران جماعت میں گھوم کر جائزہ لیں کہ بچے درست کام کر رہے ہیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر کالم بنا کر متفرق بچوں سے اشعار مکمل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔ |